نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب کے رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سورج مکھی کی کاشت پر 5 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی کی فراہمی جاری۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور: 02 جنوری 2023(   ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق پاکستان ہر سال 300 ارب روپے کا خوردنی تیل درآمد کرتا ہے جو کہ ملکی معیشت پر ایک بوجھ ہے۔اس لئے حکومت پنجاب تیلدار اجناس کی پیداوار میں فروغ کے قومی منصوبہ کے تحت تیلدار اجناس کا زیرِ کاشت رقبہ بڑھانے کیلئے سورج مکھی کی کاشت پر 5 ہزار روپے فی ایکڑ سبسڈی فراہم کر رہی ہے۔اس ضمن میں صوبہ پنجاب کے رجسٹرڈ کاشتکاروں کو سورج مکھی کی کاشت پر 20 ایکڑ تک سبسڈی فراہم کی جا رہی ہے۔موجودہ سال کاشتکار **آئی سی آئی پاکستان (ہائی سن-33 اور اگورا-4) سنجیٹا پاکستان (این - کے آرمانی)، عمر سیڈز اینڈ ایگرو سروسز (یو ایس-666)** اور **سیٹھی سیڈز (آگسن 5270)** سے سورج مکھی بیج کے سبسڈی واؤچرز والے بیگ حاصل کریں۔کاشتکار سبسڈی کی رقم کے حصول کے لئے سکریچ کارڈ نمبر space اپنا شناختی کارڈ نمبر 8070 پر بذریعہ ایس ایم ایس بھجیں اور جوابی مطلوبہ ایس ایم ایس موصول ہونے پر اپنی قریبی موبائل شاپ سے 1 ہزار روپے فی ایکڑ ابھی وصول کریں جبکہ 4 ہزار روپے فی ایکڑ فصل کی تصدیق پر موصول ہونے والے ایس ایم ایس کے بعد وصول کریں۔کاشتکار سبسڈی کی رقم کسی بھی قریبی موبائل مرچنٹ سے وصول کریں۔یاد رہے، سورج مکھی کاشت کے لئے پنجاب کو تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔ **پہلے مرحلہ میں جنوبی پنجاب** ڈیرہ غازی خان، راجن پور، بہاولپور، رحیم یار خان، ملتان، وہاڑی، بہاولنگر، مظفر گڑھ، لیہ، لودھراں، بھکر اور خانیوال کے اضلاع کے کاشتکار میں سورج مکھی کی کاشت **31 جنوری تک** جب کہ دوسرے مرحلے میں **وسطی پنجاب کے اضلاع** جن میں میانوالی، سرگودھا، خوشاب، جھنگ، ساہیوال، اوکاڑہ، پاکپتن، **فیصل آباد**، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، سیالکوٹ، گوجرانوالا، لاہور، منڈی بہاؤالدین، حافظ آباد، قصور، شیخوپورہ اور ننکانہ صاحب میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **یکم تا 31 جنوری** تک مقرر کیا گیا ہے۔سورج مکھی کی کاشت کے تیسرے مرحلے میں **شمالی پنجاب کے اضلاع** نارووال، اٹک، راولپنڈی، گجرات، جہلم اور چکوال میں سورج مکھی کی کاشت کا وقت **یکم جنوری تا 15 فروری تک** مقرر کیا گیا ہے۔کاشتکار سورج مکھی کی کاشت زیادہ سے زیادہ رقبہ پر کر کے خوردنی تیل کے ملکی درآمدی بل میں کمی لانے کے لئے اپنا قومی کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆